rasailojaraid.com

انٹرویو ریکارڈ کیا جس میں ملک کے اہم مسائل پر گفتگو کی گئی۔

**مولانا مدظلہ کی مصروفیات**

☆ ۲مارچ بروز جمعرات کو حضرت مہتمم صاحب نے مانسہرہ و ہری پور کا دورہ کیا ، جہاں جمعیۃ علماء اسلام کے اہم مرکزی رہنما قاضی رفیق الرحمٰن قمر کی یاد میں منعقد ہونے والے تعزیتی اجتماع لال مسجد کشمیر روڈ مانسہرہ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی ، مولانا سمیع الحق مانسہرہ جاتے ہوئے واپسی پر ہری پور میں علماء کرام اور کارکنان جمعیۃ سے خطاب اور مولانا قاری یوسف ہزاروی سیکرٹری جمعیۃ علماء اسلام ہری پور کے والد کی وفات پر ان سے تعزیت بھی کی ۔ واپسی پر قلندر آباد میں جمعیت کے صوبائی رہنما قاری یوسف شاہ ہزاروی کے ادارہ میں دعا کی گئی ۔

☆ ۵۔ مارچ کو اضاخیل میں مولانا مدظلہ کا دارالعلوم اسلامیہ نوشہرہ کے اضاخیل بالا کے سالانہ علمی اور روحانی اجتماع میں بطو رمہمان خصوصی خطاب فرمایا۔ یہ اجتماع دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فاضل اور جامعہ اسلامیہ کے بانی و مہتمم عظیم روحانی شخصیت حضرت مولانا رحیم اللہ باچا صاحب اور جامعہ حقانیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہؒ کی یاد میں منعقد ہوا۔

☆ ۱۲رمارچ کو حضرت مہتمم صاحب نے موضع شاہ منصور میں ختم نبوت اجتماع سے ہزاروں علما اور عوام الناس سے خطاب فرمایا اور جلسہ کے بعد کوٹہ صوابی میں حضرت مولانا خلیل مخلص صاحب سے ان کے عزیز اور مولانا عطاء الحق درویش سے ان کے والد کی وفات پر تعزیت کی۔

☆ ۱۳رمارچ کو اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ''انسداد سود کانفرنس'' میں حضرت مولانا مدظلہ نے شرکت کی۔

**ناظم دارالعلوم الحاج اظہار الحق مدظلہ کے ہاں خوشی :** بدھ ۱۵رفروری ۲۰۱۷ء کو جناب ڈاکٹر حبیب الحق ابن الحاج مولانا اظہار الحق مدظلہ کے ہاں پہلے فرزند ارجمند محمد محدث حقانی کی پیدائش ہوئی اس موقع پر عقیقہ کی دعوت کی گئی جس میں مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور خاندان کے دیگر افراد اکٹھے ہوئے اور انہوں نے نئے مولود کیلئے اچھے مستقبل اور سعادت مندی کی دعائیں کیں ۔ اللہ تعالیٰ باد آور فرما کر مستقبل میں دین اور علم کا شجرہ طوبیٰ بنائے۔

rasailojaraid.com